http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

جلد 22 | جمعہ 21 اگست 2026ء | 7 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 45

مولانا فضل الرحمٰن کی محمود خان اچکزئی سے ملاقات، متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان

کیا پی ٹی آئی کا سڑکوں پر بھی ساتھ دینگے یا پارلیمنٹ میں، صحافی کا سوال/ ہم سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں، آپ سورۃ الناس پر پہنچ جاتے ہیں، قائد جمعیت کا جواب

صولی طور پر اتفاق ہوا ہے کہ ہمیں متحدہ اپوزیشن کی طرف جانا چاہئے، آغاز اچھا ہو، اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کیلئے بھی ماحول بننا چاہئے، میڈیا سے گفتگو

عمران خان کو پمز ہسپتال منتقل کیے جانیکا امکان، تیاریاں شروع

سابق وزیراعظم کی ہسپتال منتقلی سے متعلق اہم اجلاس میں انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا، نجی ٹی وی کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے حوالے سے معلوم ہوا ہے کہ انہیں پمز ہسپتال منتقل کیے جانیکا امکان ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وقای دفاتی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری کی ہنگری کے نومنتخب صدر کو مبارکباد، دوطرفہ شراکت داری کو مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آندراش پاکا کو ہنگری کے صدر منتخب ہونے پر اور ہنگری کے عوام (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی نے اسپیکر سے اہم معاملات میں نظر انداز کیے جانے کی شکایت کردی

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر الیکشن میں دھاندلی کے ٹھوس شواہد دے تو تحقیقات کے لیے تیار ہیں، حکومتی وفد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات میں ہراہم قومی، پارلیمانی اور سیاسی معاملے میں نظر انداز کیے جانے کی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

اچکزئی سے ملاقات کے بعد متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان کردیا۔ جمعرات کو مولانا فضل الرحمٰن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ان کے چیمبر میں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)



☆☆☆☆☆ اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران بلاول بھٹو زرداری سے مصافحہ کررہے ہیں ☆☆☆☆☆

وزیراعظم کی اپوزیشن کو بند اکرائی کی پیشکش

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے

اب اپوزیشن پر منحصر ہے وہ کتنا جلد بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے

خلیج اور آبنائے ہرمز میں جو صورتحال ہے اس کی وجہ سے نہ صرف پٹرولیم کی سپلائی میں مشکلات ہیں بلکہ کئی ممالک کی اپنی ریفائنریز اور گیس کے پلانٹ بند پڑے ہیں

128 ارب روپے کے لیے وفاقی حکومت نے پی ایس ڈی پی میں کٹوتی کی، عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی میں صوبوں نے بھی ساتھ دیا، معیشت کے استحکام کے لیے اقدامات کیے ہیں

ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 32 روپے کی کمی خوش آئند ہے، خطے کے کئی ممالک میں ریفائنریز اور گیس پلانٹ بند ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہیں، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، اب اپوزیشن (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ بانی پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست واپس

رجسٹرار کے اعتراضات دور ہونے کے بعد نظرِ ثانی کی درخواست دوبارہ دائر کی جائیگی

رجسٹرار آفس کی جانب سے نظرِ ثانی درخواست پر گزشتہ روز اعتراض عائد کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بانی پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر چیف کمشنر اسلام آباد کی نظرِ ثانی کی درخواست اعتراض لگا کر واپس کر دی۔ ذرائع کے مطابق رجسٹرار آفس کی جانب سے نظرِ ثانی درخواست پر گزشتہ (بقیہ نمبر 8 2 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم کی منظوری دیدی

نیشنل کمانڈ ایکٹ 2010 میں ترمیم شدہ مسودہ بھی منظوری کے لیے پارلیمان میں پیش کیا جائے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم کی منظوری دیدی۔ جمعرات کو وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

بنگلادیش: حکمران جماعت بی این پی کے سینیئر رہنما مرزا فخر الاسلام ملک کے نئے صدر منتخب

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیشی ارکانِ پارلیمنٹ نے حکمران جماعت بنگلادیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی (کے سینیئر رہنما مرزا فخر الاسلام عالمگیر کو ملک کا نیا صدر منتخب کرلیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اگرچہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے شامی وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان گولان کی پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرے گا، وزیراعظم شہباز شریف کا شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان گولان کی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان اور شام کا مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

پاکستان اور شام نے امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا

پاکستان شام کی خودمختاری و علاقائی سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا، اسحاق ڈار کی شامی وزیر خارجہ سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور شام نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی زیر صدارت امن وامان پر اجلاس، داخلی سیکیورٹی یقینی بنانے ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی داخلی سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت جاری کردی۔ جمعرات کو وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں وزیر داخلہ محسن (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

ہائی اسپیڈ ڈیزل پر لیوی بڑھا کر 80 روپے فی لیٹر کردی گئی

ڈیزل پر لیوی میں ایک روپے 72 پیسے کا اضافہ، پیٹرول پر 80 روپے فی لیٹر لیوی برقرار

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی میں ایک روپے 72 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کردیا ہے، جس کے بعد ڈیزل پر عائد لیوی 78 روپے 28 پیسے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

لاہور؛ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سافٹ ویئر انجینئرز سے بات چیت کررہی ہیں

چیف آف ڈیفنس فورسز کے اختیارات سے متعلق پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 قومی اسمبلی و سینیٹ سے منظور

بانی پی ٹی آئی کو آسمان کا مسئلہ بنا دیا ہے، بدترین کریمنل کا حق ہوتا ہے کہ اس کی صحت کا خیال رکھا جائے، محمود اچکزئی کی گفتگو

27 ویں آئینی ترمیم میں چیف آف ڈیفنس فورسز کا دفتر بنایا گیا، اس حوالے سے سیکریٹریٹ کے قیام کے حوالے سے بل متعارف کرایا ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اور سینیٹ نے پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 منظور کرلیا، ایکٹ تیرہ نومبر 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ جمعرات کو اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا، وزیراعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے اور اپوزیشن نشستوں پر جا کر اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے مصافحہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف بیرسٹر گوہر، (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کررہے ہیں

ملک کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش، سیلاب کا خدشہ

کشمیر، مری، گلیات اور اسلام آباد و راولپنڈی کے مقامی نالوں میں طغیانی کا خطرہ، الرٹ جاری

پوٹھوہار، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال اور لاہور میں موسلا دھار بارش کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، مردان، سوات، گوجرانوالہ، لاہور اور دیگر علاقوں میں موسلا دھار بارش کی پیش گوئی اور نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ٹرمپ کا ایران کیخلاف معاشی پابندیوں کا اعلان، امریکا نے اپنا معاشی جنگ رکھ دیا، ایران

تیل کی اسمگلنگ سمیت ایران سے ہر قسم کا معاشی تعلق توڑ لے ورنہ بڑے اقتصادی نتائج بھگتنا ہوں گے، ڈونلڈ ٹرمپ

عسکری جنگ سے کوئی نتیجہ نہیں نکلا، اب امریکا نے اپنی اگلی ناکامی کو معاشی جنگ کا نام دے دیا، کاظم غریب آبادی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کیخلاف معاشی جنگ چھیڑ دی، دنیا کو خبردار کیا ہے کہ وہ تیل کی اسمگلنگ سمیت ایران سے ہر قسم کا معاشی تعلق توڑ لے ورنہ بڑے اقتصادی نتائج بھگتنا ہوں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

تہران (این این آئی) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف اقتصادی جنگ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026ء پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ

حکومتی پالیسی یا موقف کے خلاف رائے یا معلومات نشر کرنے پر مکمل پابندی عائد ہوگی

سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی نگرانی شروع

اسلام آباد / لاہور (این این آئی) حکومت نے سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی نگرانی شروع کردی جبکہ نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026ء (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

حالیہ حوثی حملے میں زخمی ہونے والے 6 پاکستانی ملاح بحفاظت پاکستان واپس پہنچ گئے ہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حالیہ حوثی حملے میں تنزانیہ کے پرچم بردار تجارتی بحری جہاز پر زخمی ہونے والے چھ پاکستانی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی کے علاج کیلئے خصوصی اقدامات کرلیے گئے، اسپتال ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) شفا اسپتال میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے علاج کیلئے خصوصی اقدامات کرلیے گئے۔ اسپتال (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

یمن کے قریب حوثی حملے میں شہید 2 پاکستانیوں کی میتیں کراچی پہنچ گئیں

کراچی (این این آئی) یمن کے قریب مال بردار بحری جہاز پر حوثیوں کے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

لاہور؛ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اعتزاز احسن مذاکرے سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 5 دہشتگرد ہلاک متعدد زخمی

سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں جدید ٹیکنالوجی اور ہتھیاروں سے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا

دہشت گردوں کے قبضے سے 3 گاڑیاں، 2 موٹر سائیکلیں، آئی ای ڈی ڈیوائس اور کالعدم تنظیم کا جھنڈا برآمد

کوئٹہ (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائیوں کے نتیجے میں 5 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور رکلی سوران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، دہشت گرد موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر دہشت گردی کی کارروائی انجام دینے جارہے تھے۔ سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف سے شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی ملاقات کررہے ہیں

امریکا نے غزہ میں امن فوج کے لیے 20 کروڑ 60 لاکھ ڈالر مختص کردیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے کانگریس کو آگاہ کیا ہے کہ وہ غزہ میں مجوزہ امن فوج کی حمایت (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور امریکا کے درمیان براہِ راست پروازوں کی بحالی کے امکانات روشن

کراچی (این این آئی) پاکستان اور امریکا کے درمیان براہِ راست فضائی رابطے کی بحالی کی جانب اہم پیش رفت سامنے آئی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز میں زیادہ تر بحری جہاز امریکی دباؤ سے زیادہ ایران سے خوفزدہ

ایران آبنائے ہرمز پر اپنا نمایاں اثر و رسوخ برقرار رکھے ہوئے ہے اور بحری آمد و رفت میں خلل ڈالنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ماہرین

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے باوجود بحری جہازوں کی نقل و حرکت کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیشتر جہاز امریکی دباؤ کے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

عمران خان کے بعد دیگر قیدیوں کیلئے بھی نجی ہسپتال کے دروازے کھل جائینگے

خواجہ آصف

نواز شریف کے آپریشن کے دوران پی ٹی آئی کے ایک حامی ڈاکٹر کو موبائل سے ویڈیو بناتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا تھا

انصاف کے تقاضے سب کے لیے برابر ہونے چاہییں، کسی ایک فرد کو خصوصی سہولت نہیں ملنی چاہیے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے عمران خان کو علاج کیلئے نجی ہسپتال منتقل کرنے کے عدالتی اقدام پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ اس طرزِ عمل سے دیگر قیدیوں کے لیے بھی نجی ہسپتالوں میں علاج کے دروازے کھل جائیں گے، جو ایک غلط نظیر ہوگی۔ انہوں نے زور دیا کہ انصاف کے تقاضے سب کے لیے برابر ہونے چاہئیں، کسی ایک فرد کو (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

ملکی قرضوں پر 5 برس کے دوران 32 ہزار ارب روپے سود ادا کیا گیا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے ملکی قرضوں کی تفصیلات پیش کردیں، دسمبر 2025 تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت نے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سے زونگ کے چیئرمین کی ملاقات، اے آئی ڈیٹا سینٹر کے قیام پر اتفاق

کلاؤڈ کمپیوٹنگ، مصنوعی ذہانت، ڈیٹا ہوسٹنگ اور ڈیجیٹل جدت کا خیر مقدم کرتے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

ملاقات میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت مستقبل میں توسیع پر بھی اتفاق کیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ اور سی ایم پاک (زونگ 5 جی) کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہو جو تلی نے جمعرات کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

امریکا کا آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل کیلئے خفیہ آپریشن جاری

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کا آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل کے لیے خفیہ آپریشن جاری ہے، آبنائے ہرمز سے روزانہ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر عمل نہ کرنے کا کوئی جواز نہیں، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی؛ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید الکان ناصر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی نے کبھی بھی ڈیفنس فورسز سے متعلق قوانین کو متنازع نہیں بنایا، بیرسٹر گوہر

یہ ٹیکنیکل نوعیت کا معاملہ ہے، پاکستان ہمارا ہے، پاک فوج ہماری ہے، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف نے بھی ڈیفنس فورسز سے متعلق قوانین کو (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے شامی وزیر خارجہ کی ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے جمعرات کو شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی ہسپتال منتقلی فیصلے پر نظر ثانی دوبارہ دائر

عدالتی فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی، انشاء اللہ

سپریم کورٹ فیصلے سے کریمنل جسٹس سسٹم متاثر ہوگا، سوال یہ ہے فیصلہ ماتحت عدالتوں پر بائنڈنگ ہوتا ہے، کیا اس فیصلے کے بعد پھر ہر قیدی کو پرائیویٹ ہسپتال منتقل کیا جائے گا؟

حکومت آئین اور قانون کی پابند ہے، اپیل کا فیصلہ آج کل میں آجائے گا فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اسپتال منتقل کرنے کی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہے، ہسپتال منتقلی فیصلے پر نظر ثانی دوبارہ دائر کردی، عدالتی فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

حکومت سپریم کورٹ فیصلے پر عملدرآمد کی پابند، توقع ہے عمل ہوگا، علامہ راجہ ناصر عباس

سپریم کورٹ فیصلے کے بعد اچھی فضا بن رہی تھی، ہم ایک دوسرے کے قریب ہو رہے تھے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کی پابند ہے، توقع ہے سپریم کورٹ فیصلے عمل ہوگا۔ سینیٹ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ سپریم کورٹ فیصلے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور سعودی عرب کا خوراک کے 14 اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے خوراک کے چار اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ کرلیا جس کیلئے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ کانسٹی ٹیوشن ایونیو کو ملائیشیا کے وفد کی آمد پر پاکستان اور ملائیشیا کے قومی پرچموں سے سجایا گیا ہے

بلوچستان ہائی کورٹ 22 سال سے تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز معطل رہنے پر اظہار تشویش

سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو غیر ضروری طور پر عدالت میں جمع کرنے کی مہم سے بھی اجتناب کیا جائے

وکلاء عدالت کے سیکورٹی عملے اور پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون اور احترام سے پیش آئیں، جسٹس محمد کامران ملاخیل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے عدالتِ عالیہ بلوچستان میں نئے تعینات ہونے والے ایڈیشنل ججز کے اعزاز میں پروقار ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل، عدالت عالیہ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

زیارت واقعہ تحقیقاتی کمیشن واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے

سیکیورٹی انتظامات، پولیس کی تیاری، انسدادِ دہشت گردی کے اقدامات اور واقعے سے متعلق دیگر اہم امور شامل ہیں، اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومتِ بلوچستان کی جانب سے قائم کردہ عدالتی تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا ضلع زیارت کے مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعے کی جامع اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کررہا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق تحقیقاتی کمیشن (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کیف پر روس کا بڑا میزائل حملہ، 5 افراد ہلاک متعدد زخمی

کیف (این این آئی) یوکرین کے دارالحکومت کیف اور گردونواح میں روسی میزائل حملوں کے نتیجے میں کم از کم 5 افراد ہلاک اور (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

آج کے بل میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس سے خدانخواستہ کسی چیز کو خطرہ ہو، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آج کے بل میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس سے خدانخواستہ کسی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

بڑھتی ہوئی مہنگائی

پاکستان میں بڑھتی مہنگائی، غربت اور کم ہوتی قوتِ خرید نے عوام کے لیے متوازن اور صحت بخش خوراک کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے۔ اقوام متحدہ کی اسٹیٹ آف فوڈ سیکیورٹی اینڈ نیوٹریشن اِن دی ورلڈ 2026 رپورٹ کے مطابق گزشتہ برس پاکستان کی 63 فیصد آبادی، یعنی تقریباً 16 کروڑ 10 لاکھ افراد ایک وقت کی معیاری اور صحت بخش خوراک خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتی تھی۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی ایشیا میں صحت بخش خوراک نسبتاً کم قیمت پر دستیاب ہونے کے باوجود اسے خریدنے کی صلاحیت رکھنے والے پاکستانیوں کی شرح خطے میں کم ترین سطح پر ہے۔ ماہرین کے مطابق پاکستان میں مسئلہ صرف خوراک کی دستیابی کا نہیں بلکہ عوام کی قوتِ خرید میں کمی کا بھی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 2018-19 سے 2024-25 کے دوران پاکستانی گھرانوں کی اوسط ماہانہ آمدنی 41 ہزار 545 روپے سے بڑھ کر 82 ہزار 179 روپے ہوگئی، تاہم اسی عرصے میں فی کس غربت کی لکیر 3 ہزار 758 روپے سے بڑھ کر 8 ہزار 484 روپے تک پہنچ گئی۔ مہنگائی کے اثرات کو نکالنے کے بعد حقیقی آمدنی میں تقریباً 13 فیصد کمی ہوئی جبکہ غربت کی شرح 21.9 فیصد سے بڑھ کر 28.9 فیصد ہوگئی۔ معاشی ماہرین نے ملک میں بڑھتی غربت اور غذائی عدم تحفظ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑھتے ہوئے اخراجات نے کم آمدنی والے طبقے کے لیے متوازن خوراک کا حصول مشکل بنا دیا ہے۔ ایس ڈی پی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عابد قیوم سلہری نے اقوام متحدہ کی رپورٹ کے اعداد و شمار کو قابلِ اعتبار قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اعداد و شمار بیرونی اندازوں کے بجائے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے ہاؤس ہولڈ انکم اینڈ ایکسپینڈیچر سروے پر مبنی ہیں۔ ان کے مطابق پاکستان میں غربت کے ساتھ امیر اور غریب کے درمیان معاشی خلیج بھی بڑھ رہی ہے۔ جب خوراک، کرایہ، بجلی، گیس اور دیگر بنیادی اخراجات پورے کرنے کے بعد تعلیم اور صحت کے لیے گھرانوں کی آمدنی کا معمولی حصہ ہی باقی بچے تو اس کے اثرات آنے والی نسلوں پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ عابد قیوم سلہری نے خبردار کیا کہ مسئلہ صرف موجودہ وقت میں خوراک کی کمی تک محدود نہیں بلکہ بچوں کی صحت، تعلیم اور مستقبل بھی اس سے متاثر ہوسکتا ہے۔

وزیراعلیٰ اسلام آباد کا اقتدار کب ختم ہوگا؟

آصف محمود

صوبوں کی بحث اشرافیہ کو مبارک، میرے پیش نظر سوال یہ ہے کہ اسلام آباد کے غیر منتخب، بیوروکریٹ وزیراعلیٰ کا اقتدار کب ختم ہوگا؟

یقیناً آپ سوچ رہے ہوں گے کہ اسلام آباد تو ایک صوبہ ہی نہیں، پھر اس کا وزیراعلیٰ کہاں سے آ گیا؟ تو جناب بھلے اسلام آباد ایک صوبہ نہیں ہے لیکن اس کے باوجود یہاں ایک عدد وزیراعلیٰ موجود ہے۔ اس کو چیف کمشنر کہا جاتا ہے۔

کہنے کو وہ ایک سرکاری ملازم ہیں لیکن اسلام آباد انتظامیہ کی آفیشل ویب سائٹ ہمیں بتاتی ہے کہ چیف کمشنر صاحب اپنے اختیارات بطور نمائندہ صوبائی حکومت استعمال کرتے ہیں۔

وزیراعلیٰ کو تو پھر ایک عدد حزب اختلاف کا سامنا ہوتا ہے، چیف کمشنر صاحب کی تو کوئی حزب اختلاف بھی نہیں۔ وزیراعلیٰ کو تو ایک اسمبلی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، چیف کمشنر صاحب کے سامنے صرف ماتحت پائے جاتے ہی۔ کوئی قائد حزب اختلاف بھی نہیں ہوتا جو رنگ میں بھنگ ڈال سکے۔ منتخب وزرائے اعلیٰ تو برائے وزن بیت ہی ہیں، اصل مزے تو اس غیر منتخب وزیراعلیٰ کے ہیں۔

حیران کن بات یہ ہے کہ اسلام آباد کے چیف کمشنر کو وزیراعلیٰ جیسے اختیارات نہ آئین نے دیے ہیں نہ کسی پارلیمان نے۔ چیف کمشنر کی شکل میں صوبائی حاکم کا یہ بندوبست تو آبادیاتی دور میں، سنہ 1897 میں، جنرل کلاز ایکٹ کے ذریعے متعارف کرایا گیا۔ ہم نے آج تک اسے سینے سے لگا کر رکھا ہے۔

ہم نے سنہ 1980 میں ایک صدارتی انتظامی حکم نامے کے تحت اسلام آباد ایک غیر منتخب بیوروکریٹ کے حوالے کیا اور پھر بھول ہی گئے کہ جمہوریت بھی کسی چڑیا کا نام ہوتا ہے۔

کئی حکومتیں آئیں اور چلی گئیں۔ آئین می کئی ترامیم ہوئیں، نظام کے خدوخال کتنی ہی بار سنوارے گئے، جمہوریت کے اقوال زریں صبح شام گنگنا گنگنا کر سنائے گئے لیکن کسی نیاس سوال پر آج تک غور نہیں کیا کہ ایک سرکاری ملازم کو جو غیر منتخب ہوتا ہے، ایک وزیراعلیٰ جیسے اختیارات کیسے دیے جاسکتے ہیں۔

اسلام آباد پاکستان کا وہ واحد، اکلوتا شہر ہے جس کے مکینوں کے پاس صوبائی اسمبلی کا ووٹ دینے کا کوئی حق ہی نہیں۔ یہاں سے سینیٹر تو بنائے جاتے ہیں لیکن انہیں ووٹ دینے کے لیے یہاں کی کوئی صوبائی اسمبلی نہیں ہے۔

مقامی حکومت یہاں ویسے ہی نہیں ہے۔ صوبائی اسمبلی یہاں ابھی بن ہی سکتی۔ نتیجہ یہ نکلا ہے کہ سوتیلا پن شہر کی رگوں میں اتر آیا ہے۔

شہری اسلام آباد (یعنی آبادکاروں کا اسلام آباد) تو پھر اشرافیہ پر مشتمل ہے اس کی تو کچھ نہ کچھ سن ہی لی جاتی ہے لیکن دیہی اسلام آباد تو لاوارث ہو چکا ہے۔ دیہی اسلام آباد کے ریڈ انڈینز میں سے کس کی مجال ہے کہ چیف کمشنر کے دفتر جا کر ان کی صرف زیارت ہی کر لے، ملاقات تو دور کی بات ہے۔

شہری اسلام آباد کل شہر کا صرف 30 فیصد ہے لیکن 90 فیصد سے زیادہ بجٹ کھا جاتا ہے اور ریڈ انڈین کا اسلام آباد شہر اقتدار کا 70 فیصد ہے لیکن اس کے حصے میں 10 فیصد بھی نہیں آتا۔

چنانچہ آبادکاروں کے اسلام آباد سے روزانہ 9 ہزار میٹرک ٹن کوڑا اٹھایا جاتا ہے لیکن ریڈ انڈین کے اسلام آباد سے کوڑا اٹھانے کا سرے سے کوئی بندوبست ہی نہیں۔ کسی کو یقین نہ آئے تو اسلام آباد کے دیہی علاقے ترامڑی کا ایک چکر لگا آئے۔

مقامی دیہی آبادی کے ساتھ جو سلوک کیا جا رہا ہے وہ ایک انسانی المیہ ہے۔ نہ اچھے تعلیمی ادارے ہیں، نہ پینے کا صاف پانی ہے۔ نہ ان لوگوں کی افسر شاہی تک رسائی ہے کہ جا کر بات کر سکیں اور نہ کوئی مقامی یا صوبائی حکومت ہے جو ان کے مسائل کو سمجھے۔ شہری ڈی اے کے حوالے ہے اور سی ڈی اے کا مقامی دانش اور مقامی مسائل سے کچھ لینا دینا ہی نہیں۔ وہ صرف اشرافیہ کیچند سیکٹروں کی کنیز ہے اور ان ہی کی خدمت گزاری کرتی رہتی ہے۔

نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی بات ہو تو اہل سیاست خفا ہو جاتے ہیں لیکن ادھر یہ بے نیازی ہے کہ ملک کا دارالحکومت ایک غیر منتخب بیوروکریٹ کے حوالے کر رکھا ہے اور اسے وزیر اعلیٰ کے اختیارات دے رکھے ہیں۔

نچلی سطح پر عوام تک اختیارات کی تقسیم سے ہمارے اہل سیاست اس قدر خوف زدہ ہیں کہ اسلام آباد میں مقامی حکومت بنی تو اس کے میئر کے پاس ایک روپے کا بجٹ نہیں تھا۔ کسی نے اس کو بجٹ دیا بھی نہیں۔ سارا بجٹ سی ڈی اے پاس تھا۔ اب چاہیے تو یہ تھا کہ بجٹ سی ڈی اے سے لے کر اسلام آباد کی منتخب حکومت کے حوالے کیا جاتا۔ لیکن وفاقی حکومت نے ایسا نہیں کیا۔ بلکہ اس نے یہ کیا کہ میئر کو چیئرمین سی ڈی اے کے اختیارات بھی دے دیے تا کہ وہ بجٹ استعمال کر سکے۔ یعنی کبھی الیکشن ہو ہی جائیں اور منتخب میئر کبھی دوسری جماعت کا آ جائے تو وفاقی حکومت اس کو چیئرمین سی ڈی اے کا اضافی چارج نہ دے تو میئر صاحب ایک روپے کا ترقیاتی کام نہیں کروا سکتے۔

اندریں حالات استدعا یہ ہے کہ صوبے بنائیں یا نہ بنائیں۔ لیکن اسلام آباد کے اس غیر منتخب وزیر اعلیٰ کو واپس لے جائیں۔ ہائیکورٹ صوبوں میں ہوتی ہیں اور اسلام آباد میں ہائیکورٹ موجود ہے۔ بار کونسل بھی صوبوں کی ہوتی ہے اور اسلام آباد میں بار کونسل بھی ہے۔ آئی جی بھی صوبے کا ہتا ہیا ور اسلام آباد میں آئی جی ہے تو اسلام آباد کو ایک صوبہ کیوں نہیں بنایا جا سکتا اور وزیر اعلیٰ کے اختیارات ایک بیوروکریٹ سے لے کر ایک عوامی نمائندے کو کیوں نہیں دیے جاسکتے۔

تین دہائیوں بعد دادرسی

29 سالہ انتظار کا اختتام، عبدالجبار کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو دکھ بھری داستان پر موجودہ حکومت کی پالیسی اور عرضی نویسوں کا سلسلے نے جہاں بہت سے ملازمت و روزگار کے منتظر پیروزگاروں کی مدد ہوئی وہاں ایک اور دادرسی بھی ہوئی۔ استاد محمد کے رہائشی عبدالجبار کی داستان صبر، محرومی اور امید سے بھری ہوئی ہے۔ عبدالجبار نے 1997ء میں پٹواری کا کورس مکمل کیا۔ بدقسمتی سے دورانِ کورس ہی ان کے والد محترم کا انتقال ہوگیا، مگر تدریسی عمل اور امتحانات کی مجبوری کے باعث وہ اپنے والد کا آخری دیدار بھی نہ کر سکے۔ ایک طرف باپ کی جدائی کا ناقابلِ برداشت غم تھا اور دوسری جانب مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے عبدالجبار نے پٹواری کی ڈگری ہاتھ میں تھام لی۔ مگر پھر وقت گزرتا گیا۔ ایک سال، پانچ سال، دس سال نہیں بلکہ 29 سال گزر گئے، عبدالجبار اپنی ڈگری ہاتھ میں لیے سرکاری ملازمت کے منتظر رہے۔ اس طویل انتظار کے دوران انہوں نے نہ جانے کتنی امیدیں باندھیں، کتنی بار سرکاری دفاتر کے چکر لگائے اور کتنی بار مایوسی کا سامنا کیا، مگر ان کے دل میں امید کا چراغ پھر بھی روشن رہا۔ گزشتہ روز عبدالجبار ضلع استاد محمد سے کمشنر نصیرآباد ڈویژنل آفس پہنچے۔ مقصد صرف اتنا تھا کہ گزشتہ دنوں عارضی بنیادوں پر ہونے والے انٹرویو کے حوالے سے معلومات حاصل کرسکیں۔ ان کی حالتِ زار کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے پاس استاد محمد سے ڈویژنل آفس تک آنے کے لیے موٹر سائیکل میں پیٹرول ڈلوانے کے بھی پیسے نہیں تھے۔ مجبوری کے عالم میں انہوں نے اپنی لختِ جگر بیٹی کی سونے کی بالی لے کر سفر کا خرچ پورا کیا، دل میں صرف یہی آس تھی کہ دفتر جاؤں گا، معلومات حاصل کروں گا اور واپس گھر لوٹ آؤں گا۔ لیکن شاید اللہ تعالیٰ نے ان کی 29 سالہ دعاؤں، صبر اور آنکھوں میں چھپے آنسوؤں کو قبول کرلیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات بڑی مہربان اور شفیق ہے۔ عبدالجبار کو کیا معلوم تھا کہ جس دفتر میں وہ صرف معلومات لینے کے لیے پہنچ رہے ہیں، وہاں ان کے لیے خوشخبری پہلے ہی لکھی جا چکی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور ایس ایم بی آر قمبر شاہی کے احکامات کی روشنی میں کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے میرٹ کی بنیاد پر ان کی عارضی تعیناتی کے احکامات پہلے ہی جاری کر رکھے تھے۔ کمشنر آفس کے سپرنٹنڈنٹ بابو عبدالصمد کھوسہ نے جب عبدالجبار کو ان کی جائے تعیناتی کے احکامات تھمائے تو شاید وہ لمحہ ان کی زندگی کا سب سے یادگار لمحہ تھا۔ 29 سال تک جس کاغذ کو ہاتھ میں تھامے وہ ملازمت کی آس لگائے بیٹھے رہے، آج اسی انتظار کا صلہ ان کے ہاتھ میں تھا۔ عبدالجبار کی آنکھیں خوشی اور جذبات سے بھر آئیں۔ لبوں پر شکر کے الفاظ تھے اور دل اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر میں جھکا ہوا تھا۔ یہ صرف ایک ملازمت کا آرڈر نہیں تھا بلکہ 29 سال کے صبر، محرومی، جدوجہد اور امید کی جیت تھی۔ عبدالجبار کی یہ داستان اس حقیقت کی عکاس ہے کہ کبھی کبھی انسان برسوں دروازے کھٹکھٹاتا رہتا ہے، مگر جب اللہ تعالیٰ کی مدد شاملِ حال ہو تو بند دروازے اچانک کھل جاتے ہیں۔ آج ایک باپ کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو ہیں، ایک بیٹی کی سونے کی بالی واپس گھر جانے کی منتظر ہے اور ایک خاندان کے 29 سالہ انتظار کا باب بالآخر ختم ہوگیا ہے۔ یہ صرف عبدالجبار کی خوشی نہیں، بلکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر کی میرٹ پالیسی، انصاف اور انسانی ہمدردی کی ایک خوبصورت مثال ہے۔

مشرق کا ایک نیا نیٹو؟ معاہدہ مکہ ویسا کیوں نہیں جیسا بظاہر دکھائی دیتا ہے

سائرہ بانو

سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے معاہدہ؟ مکہ برائے مشترکہ دفاع پر دستخط کیے ہیں۔ یہ اجتماعی دفاع کا ایک نیا انتظام ہے جو مشرق وسطیٰ کو جنوبی ایشیا سے جوڑتا ہے۔

اس معاہدے کا بنیادی وعدہ نہایت اہم ہے: تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح حملہ ان سب پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اس زبان نے اس معاہدے کا نیٹو سے موازنہ کرنے کی راہ ہموار کی ہے، جس کے ارکان معاہدہ؟ شمالی اوقیانوس کی دفعہ 5 کے تحت اسی نوعیت کا عہد کرتے ہیں۔

دنیا میں تیل پیدا کرنے والے ایک بڑے ملک، سعودی عرب، وسعت پذیر دفاعی صنعت کے حامل نیٹو رکن، ترکیہ، اور ایک جوہری ہتھیاروں سے لیس ریاست، پاکستان، کو یکجا کر کے یہ معاہدہ مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور بحر ہند میں سلامتی کی صورت حال کو نئی شکل دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

یہ معاہدہ اس امر میں ایک نمایاں تبدیلی کی عکاسی کرتا ہے کہ علاقائی طاقتیں اپنی سلامتی کا بندوبست کس طرح کر رہی ہیں۔ شدید علاقائی عدم استحکام کے دور میں یہ ممالک تزویراتی خود انحصاری کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

تاہم معاہدہ؟ مکہ کوئی نیا نیٹو نہیں ہے، کم از کم ابھی تک تو نہیں۔ اسے تین ایسی حکومتوں کے لیے تزویراتی تحفظ کی ایک صورت سمجھنا زیادہ مناسب ہو گا جو روایتی امریکی ضمانتوں سے آگے بڑھ کر زیادہ تحفظ اور سیاسی اثر و رسوخ حاصل کرنا چاہتی ہیں۔

یہ معاہدہ ایک قابل اعتماد فوجی اتحاد بنتا ہے یا محض سیاسی علامت بن کر رہ جاتا ہے، اس کا مکمل انحصار اس بات پر ہوگا کہ یہ ممالک اپنی حقیقی ذمہ داریوں اور باہم متصادم علاقائی مفادات سے متعلق بنیادی سوالات کو کس طرح حل کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ تین ایسی ریاستوں کو یکجا کرتا ہے جن کی قوتیں ایک دوسرے سے مختلف، مگر باہم تکمیلی ہیں۔

سعودی عرب مالی وسائل، اہم تزویراتی محل وقوع اور عالمی توانائی کی منڈیوں میں اثر و رسوخ فراہم کرتا ہے۔ اسے اپنی داخلی معاشی تبدیلی سے متعلق بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے تحفظ کی بھی شدید ضرورت ہے۔ خطے میں بار بار ہونے والے حملوں اور تنازعات نے واضح کر دیا ہے کہ عدم استحکام کتنی تیزی سے ان عزائم کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

ترکیہ نیٹو کی سب سے بڑی افواج میں سے ایک کا حامل ہے اور اس کی دفاعی صنعت مسلسل وسعت اختیار کر رہی ہے۔ یہ صنعت ڈرون، میزائل، بکتر بند گاڑیاں اور بحری جنگی پلیٹ فارم تیار کرتی ہے۔ معاہدے میں شمولیت ترکیہ کو خلیج کی سلامتی میں بڑا کردار ادا کرنے کے ساتھ اسلحے کی فروخت، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مشترکہ پیداوار کے نئے مواقع فراہم کرتی ہے۔

پاکستان ایک بڑی اور تجربہ کار فوج، سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ سلامتی کے تعلقات اور ترکیہ کے ساتھ قریبی دفاعی روابط اس شراکت میں لاتا ہے۔ وہ اس نئی تنظیم کا واحد جوہری ہتھیار رکھنے والا رکن بھی ہے۔ پاکستان کے لیے یہ معاہدہ سرمایہ کاری کو راغب کر سکتا ہے، اس کی دفاعی صنعت کی معاونت کر سکتا ہے اور جنوبی ایشیا سے باہر اس کی سفارتی اہمیت کو مضبوط بنا سکتا ہے۔

یہ معاہدہ تعاون کا کوئی نیا سلسلہ ابتدا سے قائم نہیں کرتا بلکہ پہلے سے موجود تعلقات کو مزید آگے بڑھاتا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب نے ستمبر 2025 میں تزویراتی باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے، جبکہ ترکیہ اور پاکستان نے فوجی تربیت، برّی جنگ اور دفاعی صنعتی تعاون کو وسعت دی ہے۔ کئی برس کے سیاسی تناؤ کے بعد سعودی عرب اور ترکیہ بھی اپنے تعلقات بحال کر رہے ہیں اور دفاعی روابط کو مزید گہرا کر رہے ہیں۔

یہ معاہدہ موجودہ علاقائی سلامتی کے نظام پر کم ہوتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ سعودی عرب اور خلیج فارس کی دیگر ریاستیں طویل عرصے سے اپنے دفاع کے لیے امریکہ پر بہت زیادہ انحصار کرتی رہی ہیں۔ تاہم ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی شروع کردہ جنگ نے اس انحصار سے وابستہ خطرات کو نمایاں کر دیا ہے۔ اگرچہ سعودی عرب اور خلیج فارس کے اس کے ہمسایہ ممالک نے اس تنازعے میں شامل ہونے سے گریز کرنے کی کوشش کی ہے، پھر بھی انہیں ایرانی میزائل اور ڈرون حملوں، توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے کو لاحق خطرات اور علاقائی جہاز رانی میں خلل کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

نتیجتاً سعودی عرب ایک ایسے تنازعے میں کھنچ گیا ہے جس کا انتخاب اس نے خود نہیں کیا تھا۔ اس صورت حال نے مملکت کو اپنے سلامتی کے تعلقات متنوع بنانے اور امریکہ سے آگے اضافی تحفظ تلاش کرنے کی ترغیب دی ہے۔

ترکیہ کے لیے یہ معاہدہ خلیج اور بحر ہند کی سلامتی میں اس کے کردار کو وسعت دیتا ہے اور دفاعی برآمدات، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور ہتھیاروں کی مشترکہ تیاری کے نئے مواقع پیدا کرتا ہے۔ یہ ایک خودمختار علاقائی طاقت کی حیثیت سے کردار ادا کرنے کے ترکیہ کے عزائم کو بھی آگے بڑھاتا ہے۔ ترکیہ نیٹو کے ذریعے کام کرتے ہوئے مغربی اتحاد سے باہر بھی سلامتی کی شراکتیں قائم کرنا چاہتا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ معاہدہ سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ فوجی تعلقات کو باقاعدہ شکل دیتا ہے، جنوبی ایشیا سے باہر اس کی سفارتی اہمیت کو مضبوط بناتا ہے اور سعودی سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور معاشی معاونت کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ چین کے ساتھ اپنے قریبی تزویراتی تعلقات برقرار رکھتے ہوئے پاکستان اس معاہدے کے ذریعے خود کو خلیجی ممالک کے لیے سلامتی فراہم کرنے والے ایک اہم ملک کے طور پر بھی پیش کر سکتا ہے

اس کا مطلب یہ نہیں کہ تینوں ممالک امریکہ کو چھوڑ رہے ہیں۔ ترکیہ بدستور نیٹو کا رکن ہے، جبکہ سعودی عرب اور پاکستان امریکہ کے ساتھ اہم سلامتی کے تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ یہ ممالک محض تحفظ کی ایک اضافی تہہ قائم کر رہے ہیں تا کہ اس صورت میں ان کے پاس متبادل موجود ہو جب کسی ایک یا دو ساتھی ممالک کی توجہ کہیں اور مبذول ہو۔

اس بات پر ہوگا کہ یہ ممالک اپنی حقیقی ذمہ داریوں اور باہم متصادم علاقائی مفادات سے متعلق بنیادی سوالات کو کس طرح حل کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ تین ایسی ریاستوں کو یکجا کرتا ہے جن کی قوتیں ایک دوسرے سے مختلف، مگر باہم تکمیلی ہیں۔

سعودی عرب مالی وسائل، اہم تزویراتی محل وقوع اور عالمی توانائی کی منڈیوں میں اثر و رسوخ فراہم کرتا ہے۔ اسے اپنی داخلی معاشی تبدیلی سے متعلق بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے تحفظ کی بھی شدید ضرورت ہے۔ خطے میں بار بار ہونے والے حملوں اور تنازعات نے واضح کر دیا ہے کہ عدم استحکام کتنی تیزی سے ان عزائم کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

ترکیہ نیٹو کی سب سے بڑی افواج میں سے ایک کا حامل ہے اور اس کی دفاعی صنعت مسلسل وسعت اختیار کر رہی ہے۔ یہ صنعت ڈرون، میزائل، بکتر بند گاڑیاں اور بحری جنگی پلیٹ فارم تیار کرتی ہے۔ معاہدے میں شمولیت ترکیہ کو خلیج کی سلامتی میں بڑا کردار ادا کرنے کے ساتھ اسلحے کی فروخت، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مشترکہ پیداوار کے نئے مواقع فراہم کرتی ہے۔

پاکستان ایک بڑی اور تجربہ کار فوج، سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ سلامتی کے تعلقات اور ترکیہ کے ساتھ قریبی دفاعی روابط اس شراکت میں لاتا ہے۔ وہ اس نئی تنظیم کا واحد جوہری ہتھیار رکھنے والا رکن بھی ہے۔ پاکستان کے لیے یہ معاہدہ سرمایہ کاری کو راغب کر سکتا ہے، اس کی دفاعی صنعت کی معاونت کر سکتا ہے اور جنوبی ایشیا سے باہر اس کی سفارتی اہمیت کو مضبوط بنا سکتا ہے۔

یہ معاہدہ تعاون کا کوئی نیا سلسلہ ابتدا سے قائم نہیں کرتا بلکہ پہلے سے موجود تعلقات کو مزید آگے بڑھاتا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب نے ستمبر 2025 میں تزویراتی باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے، جبکہ ترکیہ اور پاکستان نے فوجی تربیت، برّی جنگ اور دفاعی صنعتی تعاون کو وسعت دی ہے۔ کئی برس کے سیاسی تناؤ کے بعد سعودی عرب اور ترکیہ بھی اپنے تعلقات بحال کر رہے ہیں اور دفاعی روابط کو مزید گہرا کر رہے ہیں۔

یہ معاہدہ موجودہ علاقائی سلامتی کے نظام پر کم ہوتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ سعودی عرب اور خلیج فارس کی دیگر ریاستیں طویل عرصے سے اپنے دفاع کے لیے امریکہ پر بہت زیادہ انحصار کرتی رہی ہیں۔ تاہم ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی شروع کردہ جنگ نے اس انحصار سے وابستہ خطرات کو نمایاں کر دیا ہے۔ اگرچہ سعودی عرب اور خلیج فارس کے اس کے ہمسایہ ممالک نے اس تنازعے میں شامل ہونے سے گریز کرنے کی کوشش کی ہے، پھر بھی انہیں ایرانی میزائل اور ڈرون حملوں، توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے کو لاحق خطرات اور علاقائی جہاز رانی میں خلل کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

نتیجتاً سعودی عرب ایک ایسے تنازعے میں کھنچ گیا ہے جس کا انتخاب اس نے خود نہیں کیا تھا۔ اس صورت حال نے مملکت کو اپنے سلامتی کے تعلقات متنوع بنانے اور امریکہ سے آگے اضافی تحفظ تلاش کرنے کی ترغیب دی ہے۔

ترکیہ کے لیے یہ معاہدہ خلیج اور بحر ہند کی سلامتی میں اس کے کردار کو وسعت دیتا ہے اور دفاعی برآمدات، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور ہتھیاروں کی مشترکہ تیاری کے نئے مواقع پیدا کرتا ہے۔ یہ ایک خودمختار علاقائی طاقت کی حیثیت سے کردار ادا کرنے کے ترکیہ کے عزائم کو بھی آگے بڑھاتا ہے۔ ترکیہ نیٹو کے ذریعے کام کرتے ہوئے مغربی اتحاد سے باہر بھی سلامتی کی شراکتیں قائم کرنا چاہتا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ معاہدہ سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ فوجی تعلقات کو باقاعدہ شکل دیتا ہے، جنوبی ایشیا سے باہر اس کی سفارتی اہمیت کو مضبوط بناتا ہے اور سعودی سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور معاشی معاونت کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ چین کے ساتھ اپنے قریبی تزویراتی تعلقات برقرار رکھتے ہوئے پاکستان اس معاہدے کے ذریعے خود کو خلیجی ممالک کے لیے سلامتی فراہم کرنے والے ایک اہم ملک کے طور پر بھی پیش کر سکتا ہے

اس کا مطلب یہ نہیں کہ تینوں ممالک امریکہ کو چھوڑ رہے ہیں۔ ترکیہ بدستور نیٹو کا رکن ہے، جبکہ سعودی عرب اور پاکستان امریکہ کے ساتھ اہم سلامتی کے تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ یہ ممالک محض تحفظ کی ایک اضافی تہہ قائم کر رہے ہیں تا کہ اس صورت میں ان کے پاس متبادل موجود ہو جب کسی ایک یا دو ساتھی ممالک کی توجہ کہیں اور مبذول ہو۔

اس بات پر ہوگا کہ یہ ممالک اپنی حقیقی ذمہ داریوں اور باہم متصادم علاقائی مفادات سے متعلق بنیادی سوالات کو کس طرح حل کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ تین ایسی ریاستوں کو یکجا کرتا ہے جن کی قوتیں ایک دوسرے سے مختلف، مگر باہم تکمیلی ہیں۔

سعودی عرب مالی وسائل، اہم تزویراتی محل وقوع اور عالمی توانائی کی منڈیوں میں اثر و رسوخ فراہم کرتا ہے۔ اسے اپنی داخلی معاشی تبدیلی سے متعلق بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے تحفظ کی بھی شدید ضرورت ہے۔ خطے میں بار بار ہونے والے حملوں اور تنازعات نے واضح کر دیا ہے کہ عدم استحکام کتنی تیزی سے ان عزائم کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

ترکیہ نیٹو کی سب سے بڑی افواج میں سے ایک کا حامل ہے اور اس کی دفاعی صنعت مسلسل وسعت اختیار کر رہی ہے۔ یہ صنعت ڈرون، میزائل، بکتر بند گاڑیاں اور بحری جنگی پلیٹ فارم تیار کرتی ہے۔ معاہدے میں شمولیت ترکیہ کو خلیج کی سلامتی میں بڑا کردار ادا کرنے کے ساتھ اسلحے کی فروخت، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مشترکہ پیداوار کے نئے مواقع فراہم کرتی ہے۔

پاکستان ایک بڑی اور تجربہ کار فوج، سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ سلامتی کے تعلقات اور ترکیہ کے ساتھ قریبی دفاعی روابط اس شراکت میں لاتا ہے۔ وہ اس نئی تنظیم کا واحد جوہری ہتھیار رکھنے والا رکن بھی ہے۔ پاکستان کے لیے یہ معاہدہ سرمایہ کاری کو راغب کر سکتا ہے، اس کی دفاعی صنعت کی معاونت کر سکتا ہے اور جنوبی ایشیا سے باہر اس کی سفارتی اہمیت کو مضبوط بنا سکتا ہے۔

یہ معاہدہ تعاون کا کوئی نیا سلسلہ ابتدا سے قائم نہیں کرتا بلکہ پہلے سے موجود تعلقات کو مزید آگے بڑھاتا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب نے ستمبر 2025 میں تزویراتی باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے، جبکہ ترکیہ اور پاکستان نے فوجی تربیت، برّی جنگ اور دفاعی صنعتی تعاون کو وسعت دی ہے۔ کئی برس کے سیاسی تناؤ کے بعد سعودی عرب اور ترکیہ بھی اپنے تعلقات بحال کر رہے ہیں اور دفاعی روابط کو مزید گہرا کر رہے ہیں۔

یہ معاہدہ موجودہ علاقائی سلامتی کے نظام پر کم ہوتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ سعودی عرب اور خلیج فارس کی دیگر ریاستیں طویل عرصے سے اپنے دفاع کے لیے امریکہ پر بہت زیادہ انحصار کرتی رہی ہیں۔ تاہم ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی شروع کردہ جنگ نے اس انحصار سے وابستہ خطرات کو نمایاں کر دیا ہے۔ اگرچہ سعودی عرب اور خلیج فارس کے اس کے ہمسایہ ممالک نے اس تنازعے میں شامل ہونے سے گریز کرنے کی کوشش کی ہے، پھر بھی انہیں ایرانی میزائل اور ڈرون حملوں، توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے کو لاحق خطرات اور علاقائی جہاز رانی میں خلل کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

نتیجتاً سعودی عرب ایک ایسے تنازعے میں کھنچ گیا ہے جس کا انتخاب اس نے خود نہیں کیا تھا۔ اس صورت حال نے مملکت کو اپنے سلامتی کے تعلقات متنوع بنانے اور امریکہ سے آگے اضافی تحفظ تلاش کرنے کی ترغیب دی ہے۔

ترکیہ کے لیے یہ معاہدہ خلیج اور بحر ہند کی سلامتی میں اس کے کردار کو وسعت دیتا ہے اور دفاعی برآمدات، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور ہتھیاروں کی مشترکہ تیاری کے نئے مواقع پیدا کرتا ہے۔ یہ ایک خودمختار علاقائی طاقت کی حیثیت سے کردار ادا کرنے کے ترکیہ کے عزائم کو بھی آگے بڑھاتا ہے۔ ترکیہ نیٹو کے ذریعے کام کرتے ہوئے مغربی اتحاد سے باہر بھی سلامتی کی شراکتیں قائم کرنا چاہتا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ معاہدہ سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ فوجی تعلقات کو باقاعدہ شکل دیتا ہے، جنوبی ایشیا سے باہر اس کی سفارتی اہمیت کو مضبوط بناتا ہے اور سعودی سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور معاشی معاونت کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ چین کے ساتھ اپنے قریبی تزویراتی تعلقات برقرار رکھتے ہوئے پاکستان اس معاہدے کے ذریعے خود کو خلیجی ممالک کے لیے سلامتی فراہم کرنے والے ایک اہم ملک کے طور پر بھی پیش کر سکتا ہے

اس کا مطلب یہ نہیں کہ تینوں ممالک امریکہ کو چھوڑ رہے ہیں۔ ترکیہ بدستور نیٹو کا رکن ہے، جبکہ سعودی عرب اور پاکستان امریکہ کے ساتھ اہم سلامتی کے تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 1

ملاقات کی۔ مولانا فضل الرحمان کے وفد میں کامران مرتضیٰ اور مولانا واسع شامل تھے جبکہ محمود خان اچکزئی کے ساتھ اخونزادہ حسین یوسفزئی اور اسد قیصر موجود تھے۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو میں مولانا فضل الرحمٰن نے متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اصولی طور پر اتفاق ہوا ہے کہ ہمیں متحدہ اپوزیشن کی طرف جانا چاہئے، ہم مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں، اس حوالے سے مزید مشاورت جاری رہے گی، اس پر مزید ملاقاتیں ہوں گی، امید ہے کہ اچھا آغاز ہو، اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کیلئے بھی ماحول بننا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کوساتھ ملانے کے سوال پر مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت میں ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا سڑکوں پر بھی ساتھ دیں گے یا پارلیمنٹ میں، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ ہم سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں اور آپ سور ۃالناس پر پہنچ جاتے ہیں۔ قبل ازیں میڈیا سے گفتگو میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اگر میرے ہاتھ میں ہوتا تو اب تک بانی پی ٹی آئی کا علاج بھی ہو چکا ہوتا۔

بقیہ 2

شکایات کیں۔ پیپلز پارٹی کے وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی نے ہر اہم قومی، پارلیمانی اور سیاسی معاملے میں نظر انداز کیے جانے کی شکایات کیں، آزاد کشمیر الیکشن کے حوالے سے تحفظات سے بھی آگاہ کیا۔ پیپلز پارٹی کے ارکان نے کہا کہ حکومت کی وعدہ خلافیاں جاری رہیں تو ساتھ چلنا مشکل ہو جائے گا، پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر الیکشن میں دھاندلی کے سنگین الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ حکومتی وفد نے کہا کہ پیپلز پارٹی وزیراعظم کے سوال پر مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ سڑکوں پر بھی ساتھ دیں گے یا پارلیمنٹ میں، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ ہم سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں اور آپ سور ۃالناس پر پہنچ جاتے ہیں۔ قبل ازیں میڈیا سے گفتگو میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اگر میرے ہاتھ میں ہوتا تو اب تک بانی پی ٹی آئی کا علاج بھی ہو چکا ہوتا۔

بقیہ 3

کوان کے قومی دن پر مبارکباد کا پیغام بھیجا۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ باہمی اعتماد اور مشترکہ مفادات پر مبنی پاکستان اور ہنگری کے تعلقات آنے والے سالوں میں مضبوط تر ہوں گے۔ صدر زرداری نے کہا کہ وہ دوطرفہ تعاون خصوصاً سیاسی و پارلیمانی تبادلوں، تجارت و سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون، موسمیاتی اقدامات، تعلیم، ثقافت اور ہجرت و نقل و حرکت کے شعبوں میں مزید وسعت دینے کے لیے منتخب صدر بابا کے ساتھ مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔ صدر مملکت نے نو منتخب صدر بابا کی صحت، عافیت اور کامیابی کے ساتھ ساتھ ہنگری کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنی نیک تمنا کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 4

کہ پاکستان شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی سے وفد کی سطح پر بات چیت ہوئی، دونوں ممالک نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ مذاکرات میں فلسطین، گولان کی پہاڑیوں اور افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی بات چیت ہوئی۔ شامی وزیر خارجہ نے مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق شامی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا ایران تنا میں کمی کے لیے پاکستان کی کوششوں کو بھی سراہتے ہیں، پاکستان اور شام نے امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 5

سے بڑھ کر 80 روپے فی لیٹر ہوگئی، حکومت کی جانب سے جاری کردہ نئے نرخوں کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی میں اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ پیٹرول پر عائد لیوی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی اور اس کی شرح 80 روپے فی لیٹر برقرار ہے۔ دوسری جانب پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل دونوں پر 5 روپے فی لیٹر کلائمیٹ سپورٹ لیوی بھی الگ سے عائد ہے۔ یوں ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی ملا کر مجموعی طور پر 85 روپے فی لیٹر لیوی عائد ہوتی ہے، جبکہ پیٹرول پر بھی دونوں مدوں میں مجموعی لیوی 85 روپے فی لیٹر ہے۔ حکام کے مطابق پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی حکومت کی آمدن کا اہم ذریعہ ہے اور اس کے ذریعے حاصل ہونے والی رقم مختلف حکومتی اخراجات اور مالی ضروریات پوری کرنے کیلئے استعمال کی جاتی ہے۔

بقیہ 6

نقوی، چاروں صوبوں کے آئی جیز اور متعلقہ حکام شریک ہوئے۔ وزیراعظم کو ملک کی داخلی سکیورٹی کی صورتحال پر بریفنگ دی جبکہ ملک میں امن و امان کی صورت حال کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے داخلی سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 7

اسد قیصر اور عامر ڈوگر سے بھی ملے۔ قومی اسمبلی میں گنی اجینڈا پیش کیا گیا، ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026 ایوان میں پیش کیے گئے۔ اپوزیشن نے ضمنی ایجنڈے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بل کی کاپیاں نہیں دی گئیں۔ عالیہ کامران نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرنا سیکھیں، وزیر قانون نے کہا بل ارکین کے ٹیب میں موجود ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم اس پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، ہم چاہتے ہیں قانون سازی ہو، بل آپ لے کر دیں، ساتھی پڑھ لیں گے اور اپنی رائے دیں گے، کم از کم دو تین دن رکھیں اس پر بحث ہو۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہاں پی ٹی آئی کو آسان کا مسئلہ بنا دیا ہے، بدترین کرمنل کا حق ہوتا ہے کہ اس کی صحت کا خیال رکھا جائے۔ اس دوران نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026 منظوری کے لیے پیش کیا گیا جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ اپوزیشن نے ووٹنگ کے عمل کا بائیکاٹ کیا۔ ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 بھی قومی اسمبلی سے منظور کرلیا گیا۔ اپوزیشن نے ووٹ کے عمل کا بائیکاٹ کرتے ہوئے ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کیا۔ قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ اجلاس میں نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 کرنے کی تحریک پیش کی گئی۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے تحاریک پیش کیں۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ بل پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے، چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ رولز معطل ہوئے ہیں، اجازت دی گئی تھی۔ پی ٹی آئی ارکان نے حکومتی سینیٹرز سے سوال کیا کہ کیا آپ نے بل پڑھا ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ میرے چچا جنہوں نے یہ بل پیش کیا، ان سے کہتا ہوں ہم تو مار کھا رہے ہیں شروع سے، ان بلوں کی مار بعد میں بھی کھائیں گے، ایک شخص کیلئے قانون سازی نہیں ہوتی ہے، ایک کو نشان عبرت بنانا چاہئے ان کو نشان امتیاز دیا گیا۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ اگر یہ اتنا بہترین قانون ہے تو چھپ کر کیوں ہو رہا ہے، وزارت کے عہدے ہوں یا آئینی ہوں وہ ذمہ داری والے عہدے ہیں، آپ دونوں جماعتیں جمہوریت کے ثابوت میں کیل ٹھونک رہے ہو، تو کم کوتاہ نہ کریں، وہ جو صوبے بنانے کا جنگلہ پن تھے وہ کہاں گئے، نئے صوبے کے شوشے پر سینیٹ میں بحث ہونی چاہئے، تو موں کو غلام بنا کر آپ نہیں رکھ سکتے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ہم سینیٹری آسکتا ہے، نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ایک ترمیم کی گئی ہے، چیف آف ڈیفنس فورسز کنکرنٹلی کا لفظ شامل کیا گیا ہے، بتایا جائے کون سا ریاضی کا یہ فارمولہ ہے جس پر بیٹھ کر بات کرنی ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ معرکہ حق میں افواج پاکستان اسی کو آرڈر سیشن میں لڑیں اور پاکستان کو اللہ نے فتح دی ہے، یہ لکھا گیا ہے کہ تینوں مسلح افواج اسی تعاون کے ساتھ کام کریں گی، یہ قومی اسمبلی میں بھی ایک ایک حرف پڑھ کر لوگوں نے پاس کیا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ڈیفنس فورسز آف پاکستان ترمیمی بل 2026 ایوان میں پیش کردیا جسے نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 سینیٹ سے متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا، جبکہ ڈیفنس فورسز آف پاکستان ترمیمی بل 2026 بھی سینیٹ سے منظور کرلیا گیا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ 27 ویں آئینی ترمیم میں چیف آف ڈیفنس فورسز کا دفتر بنایا گیا، سینٹر منصوبے کے کامیاب نفاذ اور مستقبل میں توسیع کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھیں گے، جس سے پاکستان کی ڈیجیٹل طور پر باختیار، ٹیکنالوجی پر مبنی اور علم پر مبنی معیشت کی جانب پیش رفت مزید مضبوط ہوگی۔

بقیہ 10

پانچ برس میں قرضوں پر 32 ہزار 239 ارب روپے سود ادا کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق دسمبر 2025 تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت کا اندرون ملک سے حاصل کردہ قرضہ 55 ہزار 363 ارب روپے ہے، حکومت کا غیر ملکی قرضہ 23 ہزار 166 ارب روپے ہے۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ آئی ایم ایف سے 2 ہزار 845 ارب روپے قرضہ لیا گیا، سال 2021 سے مالی سال 2026 تک حکومت قرضوں پر مجموعی طور 32 ہزار 239 ارب روپے کا سود ادا کیا، سال 2021 سے 2026 تک ایک لاکھ 2 ہزار 780 ارب روپے کا قرضہ واپس کیا۔

بقیہ 11

تقریباً 10 ملین بیرل تیل منتقل کیا جا رہا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق ہر رات 15 سے 20 آئل ٹینکرز جنوبی راستے سے آتے جاتے ہیں، خام تیل کی ترسیل کے لیے خفیہ بحری راستہ قائم ہے، آپریشن کی نگرانی فورٹ برگ اور شمالی کیرولائنا سے کی جا رہی ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ ٹاسک فورس خلیجی خطے کے شراکت داروں سے رابطے میں ہے، جہاز مخصوص اوقات میں قافلے کی صورت میں آتے جاتے ہیں۔ امریکی حکام نے کہا ہے کہ امریکی فوج نے خام تیل کی روزانہ لاکھوں بیرل ترسیل کے لیے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے اور وہاں سے نکلنے کی 1 خفیہ بحری راستہ قائم کیا ہے۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ جہاز امریکی فوج کی ہدایات کے مطابق جنوبی راستے سے گزرتے ہیں، امریکی لڑاکا طیارے جہازوں کو ایرانی میزائلوں اور ڈرونز سے تحفظ دیتے ہیں۔ امریکی حکام نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کا کنٹرول پاسداران انقلاب کے پاس نہیں بلکہ ہمارے پاس ہے۔ معاملے سے آگاہ امریکی عہدیدار کا کہنا تھا کہ گزشتہ 2 ماہ سے آبنائے ہرمز کے جنوبی راستے کو کنٹرول کر رہے ہیں، آبنائے ہرمز کا کنٹرول ایرانی پاسداران کے پاس نہیں ہمارے پاس ہے۔

بقیہ 12

کہا ہے کہ عمران خان کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر عمل نہ کرنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم پر پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے سپریم کورٹ کی جانب سے حکومتی نظرثانی اپیل پر اعتراضات کے معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست نے سپریم کورٹ کی فائننگ برانچ کے اعتراضات کے بعد نظرثانی درخواست واپس لے لی ہے۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ 18 اگست کے حکم پر عملدرآمد نہ کرنے کا اب کوئی جواز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم کی تعمیل میں مزید تاخیر کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی نے مطالبہ کیا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو فوری طور پر شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کیا جائے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ آج کا دن فیصلہ کن ہے۔ بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کیا جائے۔

بقیہ 13

خلاف اس کارروائی میں جدید ٹیکنالوجی اور ہتھیاروں سے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری تعداد میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا ہے۔ دہشت گردوں کے قبضے سے 3 گاڑیاں، 2 موٹر سائیکلیں، آئی ای ڈی ڈیوائس اور کالعدم تنظیم کا جھنڈا برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گرد لوٹ مار، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔

بقیہ 14

ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق خوشگوار اور تعمیری ملاقات کے دوران دونوں جانب سے پاکستان اور شام کے درمیان گہرے اور دیرینہ برادرانہ تعلقات کو آگے بڑھانے کا اعادہ کیا گیا جبکہ باہمی دلچسپی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی تفصیلی بات چیت کی۔

بقیہ 15

سے بڑھ کر 80 روپے فی لیٹر ہوگئی۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ نئے نرخوں کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی میں اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ پیٹرول پر عائد لیوی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی اور اس کی شرح 80 روپے فی لیٹر برقرار ہے۔ دوسری جانب پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل دونوں پر 5 روپے فی لیٹر کلائمیٹ سپورٹ لیوی بھی الگ سے عائد ہے۔ یوں ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی ملا کر مجموعی طور پر 85 روپے فی لیٹر لیوی عائد ہوتی ہے، جبکہ پیٹرول پر بھی دونوں مدوں میں مجموعی لیوی 85 روپے فی لیٹر ہے۔ حکام کے مطابق پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی حکومت کی آمدن کا اہم ذریعہ ہے اور اس کے ذریعے حاصل ہونے والی رقم مختلف حکومتی اخراجات اور مالی ضروریات پوری کرنے کیلئے استعمال کی جاتی ہے۔

بقیہ 16

بلوچستان کے معزز ججز، ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان لطیف کاکڑ، سروس ٹربیونل کے چیئرمین اکبر شاہ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرلز، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عطا اللہ لانگو، سینئر وکلاء اور لا افسران نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے نئے تعینات ججز اور لا افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار ناگزیر ہے، جبکہ بار اور بینچ عدالتی نظام کے بنیادی ستون ہیں۔ دونوں اداروں کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور اعتماد ہی مؤثر نظام انصاف کی ضمانت ہے۔ چیف جسٹس نے عدالتوں میں غیر ضروری رش اور غیر متعلقہ افراد کی آمد سے گریز کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صرف متعلقہ مقدمات سے وابستہ افراد ہی عدالتوں میں آئیں۔ سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو غیر ضروری طور پر عدالت میں جمع کرنے کی مہم سے بھی اجتناب کیا جائے، کیونکہ اس سے نہ صرف عدالتی امور متاثر ہوتے ہیں بلکہ سکیورٹی کے مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے وکلاء سے اپیل کی کہ عدالت کے سکیورٹی عملے اور پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون اور احترام سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی اہلکار وکلاء برادری اور سائلین کی حفاظت کے لیے سخت حالات میں فرائض انجام دے رہے ہیں، اس لیے ان کے ساتھ غیر ضروری تنازعات سے گریز کیا جائے۔ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے بتایا کہ وکلاء برادری اور سائلین کی سہولت کے لیے فیسیلیٹیشن سینٹرز کو ون ونڈو سہولت میں تبدیل کرنے، خواتین کے لیے علیحدہ سہولیات فراہم کرنے اور ویڈیو لنک کی سہولت کو مزید وسعت دینے پر کام جاری ہے، جبکہ مارچ تک مزید ویڈیو لنک سہولت فراہم کیے جانے کی توقع ہے۔ انہوں نے باردوم، لائبریری اور وکلاء کے لیے دیگر سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے بار قیادت کے ساتھ مشاورت جاری رکھنے کا بھی اعلان کیا۔ اس موقع پر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عطا اللہ لانگو نے کہا کہ بار اور بینچ دونوں اپنی شاندار روایات کے پاسدار ہیں اور وکلاء انصاف کی فراہمی، قانون کی بالادستی اور عدالتی وقار کے لیے عدلیہ کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔ تقریب کے اختتام پر چیف جسٹس نے نئے تعینات ہونے والے تمام ایڈیشنل ججز، ایڈووکیٹ جنرل، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرلز اور لا افسران کو مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 17

واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے، جن میں واقعے کے اصل حقائق، اسباب و محرکات، ذمہ داریوں کا تعین، سیکیورٹی انتظامات، پولیس کی تیاری، انسدادِ دہشت گردی کے اقدامات اور واقعے سے متعلق دیگر اہم امور شامل ہیں۔ کمیشن کا بنیادی مقصد واقعے کے حقائق کو مکمل طور پر سامنے لانا، ذمہ داریوں کا تعین کرنا اور مستقبل میں اس نوعیت کے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر سفارشات مرتب کرنا ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا ہے، لہٰذا کسی بھی قسم کی قیاس آرائی، غیر مصدقہ معلومات، افواہوں یا قبل از وقت رائے کے اظہار سے گریز کیا جائے۔ تحقیقاتی کمیشن اپنی کارروائی دستیاب ریکارڈ، دستاویزات، شواہد اور قانونی و تحقیقاتی اصولوں کے مطابق مکمل کرے گا، جبکہ حتمی نتائج اور سفارشات کمیشن کی رپورٹ میں سامنے لائی جائیں گی۔ کمیشن نے عوام، متعلقہ اداروں اور تمام افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ تحقیقات میں مکمل تعاون کرتے ہوئے درست معلومات، شواہد اور متعلقہ دستاویزات کمیشن کے سامنے پیش کریں، تاکہ واقعے کے حقائق تک پہنچنے میں مدد مل سکے۔ اعلامیے کے مطابق 28 اگست 2026ء تک دفتری اوقات کار کے دوران تمام متعلقہ افراد تحقیقاتی کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری کے دفتر، واقع عدالتِ عالیہ بلوچستان، ہائی کورٹ روڈ کوئٹہ، میں حاضر ہو کر اپنا نام، عہدہ/پیشہ، موجودہ و مستقل پتہ، رابطہ نمبر اور شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ واقعے سے متعلق معلومات، شواہد اور دستاویزات پیش کر سکتے ہیں۔ تحقیقاتی کمیشن کی جانب سے عوام اور تمام متعلقہ اداروں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ کمیشن کے سامنے صرف درست، مستند اور قابلِ تصدیق معلومات پیش کریں تاکہ تحقیقات شفاف، غیر جانب دارانہ اور مؤثر انداز میں مکمل کی جا سکیں۔

بقیہ 18

23 زخمی ہوگئے۔ یوکرینی حکام کے مطابق روسی میزائل حملوں کا سلسلہ رات گئے جاری رہا جس میں رہائشی عمارتوں اور گوداموں کو نشانہ بنایا گیا۔ حملوں کے بعد متعدد مقامات پر آگ بھڑک اٹھی جبکہ گاڑیاں بھی متاثر ہوئیں۔ یوکرین کی اسٹیٹ ایمرجنسی سروس کے مطابق ایک طبی مرکز کی عمارت میں بھی آگ لگ گئی جبکہ تباہ شدہ عمارتوں کے ملبے تلے دبے افراد کی تلاش اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے ملبے سے کم از کم ایک شخص کو زندہ نکال لیا جبکہ مزید افراد کی تلاش کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب پولینڈ کی فوج نے روسی حملوں کے پیش نظر احتیاطی فوجی فضائی کارروائیاں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حکام کے مطابق حملوں سے ہونے والے نقصانات کا مکمل جائزہ لیا جا رہا ہے جبکہ امدادی کارروائیاں تاحال جاری ہیں۔

بقیہ 19

چیز کو خطرہ ہو۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ جو آخری آئینی ترمیم ہوئی تھی آج اس کے مطابق قانون کو ڈھالا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پورا بل آج پڑھ کر سنایا گیا ہے، اس میں عجلت والی کوئی چیز نہیں تھی۔ اس میں ایسی کوئی چیز نہیں تھی جس پر بحث ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا کام ہے احتجاج کرنا وہ جس چیز پر چاہے احتجاج کریں، ان کی مرضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن میرے لئے بڑے قابل احترام ہیں، بل کا مسودہ تمام لوگوں کے پاس موجود تھا۔

بقیہ 20

دارالحکومت اسلام آباد میں ہونے والے اہم اجلاس کے بعد عمران خان کو پیر منتقل کرنیکا امکان بڑھ گیا ہے تاہم انہیں منتقل کرنے کیلئے حتمی فیصلے کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے معاملے پر حکام کے درمیان مشاورت کی گئی۔ سابق وزیر اعظم کی ہسپتال منتقلی سے متعلق اہم اجلاس میں انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا جس میں پمز اسپتال میں میڈیکل بورڈ اور سیکورٹی انتظامات پر غور کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ عمران خان کی پمز ہسپتال منتقلی کے حوالے سے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں، پمز ہسپتال میں بانی کے طبی معائنے اور علاج کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 21

پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے، پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دینے کیلئے معاملات کو بیٹھ کر طے کرنا ہوگا، ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند، آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وزارت پٹرولیم کی کاوشوں سے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند ہے، حکومت عام آدمی کو جہاں سے بھی ممکن ہوگا بچت کر کے ریلیف دے گی۔ انہوں نے کہا کہ خلیج اور آبنائے ہرمز میں جو صورتحال ہے اس کی وجہ سے نہ صرف پٹرولیم کی سپلائی میں مشکلات ہیں بلکہ کئی ممالک کی اپنی ریفائنریز اور گیس پلانٹ بند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزارت پیٹرولیم کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، عالمی صورتِ حال کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہوتے ہیں، حکومت نے مشکل حالات میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے 128 ارب روپے مختص کیے۔ انہوں نے کہا کہ 128 ارب روپے کے لیے وفاقی حکومت نے پی ایس ڈی پی میں کٹوتی کی، عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی میں صوبوں نے بھی ساتھ دیا، معیشت کے استحکام کے لیے اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 22

پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرے گا۔ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے آج وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے شامی وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر احمد الشرع کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان سے اپنی حالیہ ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سلامت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور شام کے درمیان تاریخی اور گہرے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو سیاسی، دفاعی، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں عملی تعاون میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست پروازوں کی بحالی سے عوامی روابط میں اضافہ ہوگا اور بڑی تعداد میں پاکستان سے شام آنے والے زائرین کو بھی سہولت ملے گی۔ وزیراعظم نے شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سلامت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان گولان کی پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرے گا۔ شامی وزیر خارجہ نے صدر احمد الشرع کی جانب سے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے لیے نیک خواہشات کا پیغام دیا۔ انہوں نے وزیراعظم کو شام کی سیاسی صورتحال اور تعمیرِ نو کی کوششوں سے آگاہ کیا۔ شامی وزیر خارجہ نے گزشتہ برسوں کے دوران شام کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی حکومت پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں گہری دلچسپی رکھتی ہے۔ انہوں نے تعاون کے لیے جلد باقاعدہ ادارہ جاتی طریقہ کار وضع کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔ وزیراعظم نے صدر احمد الشرع کو پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت بھی دی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکریٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔

بقیہ 23

کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، پوٹھوہار، بالائی پنجاب، کشمیر، بالائی و وسطی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے مزید بارش متوقع ہے، بعض مقامات پر موسلا دھار بارش بھی ہو سکتی ہے۔ حکام کے مطابق راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال، لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں بارش جبکہ پوٹھوہار، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال اور لاہور میں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع، بالخصوص مردان، صوابی، نوشہرہ، پشاور، ایبٹ آباد اور ہری پور میں بھی بارش اور گرج چمک کی پیش گوئی کی گئی ہے، کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اسلام آباد، راولپنڈی، مردان، صوابی، پشاور، نوشہرہ، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ اور لاہور کے نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب جبکہ کشمیر، مری، گلیات اور اسلام آباد و راولپنڈی کے مقامی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ظاہر کیا ہے، حکام کے مطابق پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا بھی خطرہ ہے۔

بقیہ 24

سے زائد کرایہ وصول کیے جانے کا نوٹس لیتے ہوئے سیکریٹری ٹرانسپورٹ اور دیگر متعلقہ حکام کو کرایوں میں کمی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ ایک بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی کمی پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، کسی بھی ٹرانسپورٹر کو مسافروں سے من مانا یا زائد کرایہ وصول کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مختلف روٹس پر نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے اور زائد کرایہ وصولی کی شکایات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شرجیل انعام میمن نے واضح کیا کہ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 25

گئے جنہیں بعد ازاں چھوڑ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جعمرات کو سرانان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا اور جاتے ہوئے پولیس کی 2 گاڑیاں، اسلحہ اور 2 اہلکاروں کو اپنے ہمراہ لے گئے مسلح افراد نے بعد ازاں دونوں پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 26

محکمانہ انکواری اور کورٹ آف انکوائری کرائی جارہی ہیں جنہوں نے اپنی تحقیقات مکمل کر کے پندرہ دن میں رپورٹ پیش کرنا تھی لیکن یہ دونوں تحقیقات مکمل نہیں

احتجاجی کال پر میونسپل کمیٹی وندر کی دفاتر کی مکمل تالا بندی

حکومت فوری طور پر لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس طلب کرے، امام بخش برہ

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی جانب سے صوبے بھر میں لوکل کونسلو کے نان سیلری و ڈویلپمنٹ فنڈز کی بندش لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

وندر، آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی احتجاجی کال پر میونسپل کمیٹی وندر کی دفاتر بند کر کے چیئرمین امام بخش برہ کی قیادت میں مظاہرہ کیا جا رہا ہے

انتظامیہ عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت دستیاب ہے، فریدہ ترین

عوامی شکایات کو محض کاغذی کارروائی تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں

صحبت پور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات اور عوامی مسائل کے فوری حل کی پالیسی کے تحت ضلع صحبت پور (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن سے ملاقات کر رہے ہیں

امن و امان عوامی سہولیات کی بہتری ترجیحات میں شامل ہے

ہدایت الرحمٰن بلوچ

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی ایس ایس پی گوادر سے ملاقات، امن و امان، منشیات کے خاتمے اور عوامی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ جاری رکھا جائے گا، رکنِ صوبائی اسمبلی گوادر

گوادر (خ ن) رکنِ صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمٰن سے ملاقات میں امن و امان، منشیات کے خاتمے اور عوامی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ واپڈا حکام سے بجلی کے مسائل کے فوری حل اور ماڈل ہائی اسکول (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں کپڑے کی دکان میں آگ بھڑک اٹھی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کپڑے کی دکان میں اچانک آگ لگنے سے لاکھوں روپے مالیت کا کپڑا جل کر راکھ ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار سٹی پولیس تھانے کی حدود مین بازار میں کھبی کمل کمار کی کپڑے کی دکان میں اچانک آگ لگنے سے لاکھوں عوپے مالیت کا کپڑا جل گیا

ڈیرہ بگٹی میں بارودی سرنگ دھماکہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں بارودی سرنگ دھماکہ ایک شخص ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی پولیس تھانے کی حدود لنجو صفاری شاخ نمبر اٹھ کے مقام پر زیر زمین دفن بارودی سرنگ پر موٹر سائیکل چڑھنے کے باعث دھماکہ رشید بگٹی موقع پر ہی جانحق موٹر سائیکل تباہ ہوگئی

12 ربیع الاول کے تمام پروگرامز کے لیے فول پروف سکیورٹی پلان پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مہراللہ بادینی

کہ مجالس اور جلوس کے تمام روٹس پر صفائی کے خصوصی انتظامات یقینی بنائے جائیں

کوئٹہ (خ ن) ربیع الاول کے سلسلے میں تیاریوں، سکیورٹی انتظامات اور دیگر ضروری امور کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) منیر احمد درانی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران، جماعت اہلسنت (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

کوہلو: نیشنل پریس کلب کی نئی کابینہ تشکیل

عبدالرحیم مری صدر اور نذر بلوچ قلندرانی جنرل سیکرٹری منتخب

کوہلو (نامہ نگار) نیشنل پریس کلب کوہلو کی نئی کابینہ برائے سال 2026-2027 باقاعدہ طور پر تشکیل دے دی گئی ہے۔ نئی کابینہ میں عبدالرحیم مری کو صدر، موسیٰ جان شیرانی کو نائب صدر جبکہ نذر بلوچ قلندرانی کو جنرل سیکرٹری و فنانس سیکرٹری منتخب کیا گیا ہے۔ اسی طرح ا (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

22 سال سے تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز معطل رہنے پر اظہار تشویش

بلوچستان ہائی کورٹ

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سریاب روڈ کوئٹہ میں گزشتہ 22 سال سے تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز معطل رہنے پر متعلقہ حکام سے جامع رپورٹ طلب کرلی

انفراسٹرکچر پر ہونے والے سرکاری اخراجات طویل عرصے تک ادارہ غیر فعال رہنے کی صورت میں ضائع ہونے کا خدشہ ہے، عدالت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس میاں محمد رؤف عطا پر مشتمل دورکنی بینچ نے گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سریاب روڈ کوئٹہ میں گزشتہ 22 سال سے تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز معطل رہنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) کوئٹہ منیر احمد درانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) کوئٹہ منیر احمد درانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کردی ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے معطل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے معطل کردی گئی، کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس جمعرات کو روانہ نہ ہوسکی۔ بلوچستان میں ریلوے ٹریک کی مرمت کے باعث ٹرین سروس ایک روز کیلئے معطل کی گئی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو بھی جیکب آباد میں روکنے کا فیصلہ کیا

لسبیلہ کینال کے نان کمانڈ ایریا میں غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف مشترکہ کارروائیاں

غیر قانونی ٹریسل کے لیے استعمال ہونے والی پائپس، مشینری اور دیگر سامان کو موقع پر ضبط کرلیں

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعداد خان مندوخیل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان کچکی، ایکسین ایریگیشن کینال عدیل بلوچ اور ایف سی کیپٹن سعد خان کی قیادت میں لسبیلہ کینال کے نان کمانڈ ایریا میں غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف مشترکہ کارروائیاں آن (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

اصل پلاٹ مالکان کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے، نقیب اللہ کاکڑ

سرکاری و نجی اراضی پر غیر قانونی قبضہ اور تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں ناجائز تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

کراچی: کلفٹن ڈیفنس کمیونٹی (CDC) کے زیرِ اہتمام منعقدہ ''جشنِ فتح و آزادی 2026'' کی تقریب کے موقع پر بانی وصدر سی ڈی سی، کلفٹن ڈیفنس کمیونٹی عبدالرحمان اور محمود الحسن اعوان کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کلفٹن محمد عمر فاروق علی ملک کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر ایس ایس پی ساؤتھ محظور علی اور لیڈی ٹیچرز بھی موجود ہیں

کلفٹن ڈیفنس کمیونٹی کے زیرِ اہتمام ''جشنِ فتح و آزادی 2026'' کی تقریب کا انعقاد

آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے اس کی قدر و حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے محمد عمر فاروق علی ملک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کلفٹن ڈیفنس کمیونٹی (CDC) کے زیرِ اہتمام منعقدہ ''جشنِ فتح و آزادی 2026'' کی تقریب سے محمد عمر فاروق علی ملک کنٹونمنٹ ایگزیکٹو (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

کوہلو: نیشنل پریس کلب کی نئی کابینہ تشکیل

عبدالرحیم مری صدر اور نذر بلوچ قلندرانی جنرل سیکرٹری منتخب

کوہلو (نامہ نگار) نیشنل پریس کلب کوہلو کی نئی کابینہ برائے سال 2026-2027 باقاعدہ طور پر تشکیل دے دی گئی ہے۔ نئی کابینہ میں عبدالرحیم مری کو صدر، موسیٰ جان شیرانی کو نائب صدر جبکہ نذر بلوچ قلندرانی کو جنرل سیکرٹری و فنانس سیکرٹری منتخب کیا گیا ہے۔ اسی طرح ا (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہے گا، ثمینہ سعید

مہنگائی کے طوفان نے گھروں کے چولہے بجھا دیے، عوام کا مقدمہ لے کر سڑکوں پر موجود ہیں ہے۔ دھرنے میں حلقہ خواتین جماعت اسلامی لاہور سمیت مختلف اضلاع کی خواتین، مائیں، بہنیں، بیٹیاں اور بچے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

عوام کی مت اور مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہے

نور محمد دمڑ

حکومت دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بنیادی اور معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کے عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن سے ملاقات کی، جس میں سنجاوی ہسپتال کی نئی تعمیر شدہ عمارت کو جلد فعال کرنے اور عوام کو مکمل طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے آئے مختلف وفود نے سول سیکرٹریٹ میں ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود کے شرکاء نے اپنے اپنے علاقوں کو (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن یونیورسٹی آف گوادر کے دورے کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان عبدالحاق خان اچکزئی سے ان کے فرزند ثناء اللہ خان اچکزئی کی وفات پر غزالہ گولہ، راحیلہ حمید درانی اور خواتین اراکین اسمبلی تعزیت کر رہے ہیں

بلوچستان بدترین بدامنی اور حکومتی ناکامی کے سنگین بحران سے دوچار ہے

مولانا واسع

حکومتی نمائندے عوام کے تحفظ کے بجائے اپنی ذاتی حفاظت کے لیے ریاستی وسائل استعمال کرنے میں مصروف ہیں

حکومت امن و امان قائم کرنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت بدترین بدامنی، بے یقینی اور حکومتی ناکامی کے سنگین بحران سے دوچار ہے؛ روزانہ بے گناہ شہریوں کی لاشیں مل رہی ہیں، تھانے اور سرکاری تنصیبات (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

نوشکی، شہر اور گردونواح میں موبائل و انٹرنیٹ سروس معطل

نوشکی (یو این اے) نوشکی شہر اور گردونواح میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس معطل ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس کی بندش کے باعث شہریوں کو ایک دوسرے سے رابطے، آن لائن کام، کاروباری سرگرمیوں طالب علموں اور دیگر ضروری امور کی انجام دہی میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سروس کی معطلی سے روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے، جبکہ موبائل اور انٹرنیٹ سروس کی بحالی کے حوالے سے تاحال کوئی واضح اطلاع سامنے نہیں آئی۔

اوستہ محمد، زرعی پانی کے تنازعے پر دو گروہوں میں فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد میں زرعی پانی کے تنازعے پر جمالی قبیلے کے دو گروہوں میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے قریب گڑھی خیرو کے علاقے میں زرعی پانی کے تنازعے پر جمالی قبیلے کے دو گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے میں ایک شخص ذوالفقار علی بخشلانی جمالی موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا پولیس نے موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پالیا اور نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی

اوستہ محمد، قتل کے مقدمے میں مرکزی ملزم چند ہی گھنٹوں میں گرفتار

کوئٹہ (پ ر) اوستہ محمد پولیس نے گزشتہ روز ہونے والے قتل کے مقدمے میں مرکزی ملزم کو چند ہی گھنٹوں میں گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات پر پولیس ٹیم نے کارروائی کے دوران غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں مطلوب مرکزی ملزم میر گل ولد رمضان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ اور میونسپل کمشنر ملک مجتبیٰ ایاز ربیع الاول کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ربیع الاول ہمارے لیے انتہائی مقدس اور بابرکت مہینہ ہے، طارق عزیز بلوچ

مساجد و جلوسوں کے راستوں پر صفائی ستھرائی سمیت تمام انتظامات کو یقینی بنایا جائے

کراچی (پ ر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ اور میونسپل کمشنر ملک مجتبیٰ ایاز کی خصوصی ہدایت پر ربیع الاول کے سلسلے میں خصوصی بلدیاتی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

جیکب آباد، زمینی تنازع پر تصادم، 15 سالہ نوجوان جاں بحق

کہن خان اور جبل خان بخشلانی جمالی فریقین کے مابین جدید ہتھیاروں کا بے دریغ استعمال، علاقہ میدانِ جنگ بن گیا

جیکب آباد (رپورٹ: انیس جکھرانی) جیکب آباد کے قریب تھانہ میرانپور کی حدود میں واقع گوٹھ ریحان خان بخشلانی جمالی میں پلاٹ پر گھر کی تعمیر کے معمولی تنازع پر بخشلانی جمالی برادری کے دو قریبی رشتہ دار (چچازاد بھائی) فریقین کے درمیان ہونے والے مسلح تصادم کے دوران فائرنگ کی زد میں آ کر 15 سالہ نوجوان جاں بحق (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کا اٹک سیمنٹ فیکٹری کا دورہ

صنعتی اداروں کا مقامی آبادی کی فلاح و بہبود میں کردار انتہائی اہم ہے، سائرہ عطاء

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے اٹک سیمنٹ فیکٹری کا دورہ کیا جہاں سینیئر منیجر شاکر حسین ورسینیئر ایڈمنسٹریٹو افیسر کرنل رضاء اللہ نے صنعتی ادارے کی جانب (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حقیقی معنوں میں کمی کی جائے، حبیب اللہ بادینی

ڈیزل کی قیمت میں 33 روپے کمی، پٹرول میں صرف 2 روپے کمی مسترد، صدر ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (پ) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادینی نے ڈیزل کی قیمت میں 33 روپے جبکہ پٹرول کی قیمت میں صرف 2 روپے کمی کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ردوبدل کا سلسلہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کے لیے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کی زیرِ صدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اجلاس

بچوں اور ماؤں کی صحت، بیماریوں سے بچاؤ اور بروقت طبی امداد کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال طبی سہولیات کی فراہمی اور محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

سرکاری سکولوں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے، علی نواز جمالی

غیر حاضری کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت ضلعی تعلیمی گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، تعلیمی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

کراچی: سکنِ شیز اٹرسٹ نے ساؤتھ ایشین ویمن ڈیولپمنٹ فورم (SAWDF) کے تعاون سے خواتین، بالخصوص باہمت (معذور) خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروجیکٹ فیم (FAME) کے افتتاح کے موقع پر سکنِ شیز اٹرسٹ کی بانی اور روحِ رواں ارم صائم، جنرل سیکریٹری صائم تسلیم، جوائنٹ سیکریٹری حناء خان، وائس پریذیڈینٹ ارینج خرم اور دیگر ممبران کے ساتھ لیا گیا گروپ فوٹو

اسپیشل خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروجیکٹ فیم کا باضابطہ افتتاح

خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، ارم صائم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سکنِ شیز اٹرسٹ نے ساؤتھ ایشین ویمن ڈیولپمنٹ فورم (SAWDF) کے تعاون سے پرل کانٹینینٹل ہوٹل کراچی میں خواتین، بالخصوص باہمت (معذور) خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروجیکٹ فیم (FAME) کا باضابطہ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

بی ایم سی کالونی میں بنیادی سہولیات کا فقدان

سرکاری رہائشی کالونی رہائش کے قابل نہیں رہی، عامر بنگلوئی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کوئٹہ ڈویژن کے صدر عامر بنگلوئی نے بی ایم سی کالونی میں بجلی، پانی، گیس اور سیکورٹی سمیت بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی اور کالونی کے عین درمیان سے گزرنے والی سڑک پر ٹریفک کے بے انتہا رش پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری بی ایم سی کالونی اب رہائش کے قابل نہیں رہی۔ مکین (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے

12 ربیع الاول کے اگلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی

حافظ نعیم

اگر عوام کو سہولت دینے کے لیے سنجیدہ اقدامات نہ اٹھائے گئے تو دھرنوں کا دائرہ پورے ملک میں پھیلائیں گے

پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی کیمپ قائم کریں گے، (آج) کراچی میں جلسہ عام ہوگا، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت کو مزید احتجاج کا انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر عوام کو سہولت دینے کے لیے سنجیدہ اقدامات نہ اٹھائے گئے تو دھرنوں کا دائرہ پورے ملک میں پھیلائیں گے، 12 ربیع الاول کے اگلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی، جس میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن بھی شامل ہوگا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہی ہیں

میاں درجے کے کاروبار پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں

سیدال ناصر

نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے

ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے

راولپنڈی (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں جبکہ نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

چاغی، این 40- پر نامعلوم مسلح افراد کی 2 مزدا ٹرکوں پر فائرنگ، ٹرکوں کو آگ لگادی

چاغی (یو این اے) این 40- شاہراہ پر جوجوکی کے علاقے بارٹا گزی لانڈھی کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے دالبندین سے تفتان جانے والے 2 خالی مزدا ٹرکوں پر فائرنگ کی اور بعد ازاں دونوں گاڑیوں کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ اور آتشزدگی کے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرا میں لے لیا

کھٹن میں مسلح افراد کا حملہ تحصیلدار آفس اور پولیس تھانے کو آگ لگادی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پچھی کے علاقے کھٹن میں مسلح افراد کا حملہ تحصیلدار آفس اور پولیس تھانے کو آگ لگا دی تمام سرکاری ریکارڈ جل گیا پوری عمارت مہندم پولیس کا سرکاری اسلحہ گولیاں واکی ٹاکی ضبط سرکاری گاڑیوں کو آگ لگا دی گئی جبکہ ہائی سکول کے گیٹ کے دروازے توڑ دیے گئے مسلح افراد کا عمارت پر قبضہ شدید فائرنگ پورا پورا علاقہ گونج اٹھا پولیس کے مطابق ضلع کچھی کی تحصیل کھٹن میں مسلح افراد کا تحصیلدار آفس اور پولیس تھانے پر حملہ پوری دفتر کی عمارت کو آگ لگادی گئی

جعفر آباد پولیس نے مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (پ ر) جعفر آباد پولیس نے مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبداللہ ولد غلام سرور اور لیاقت ولد باہج قوم رند سکنہ گوٹھ شاہک خان رند شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان ڈکیتی کے مقدمے میں کافی عرصے سے مفرور اور پولیس کو مطلوب تھے۔ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

بیگاری کینال میں پانی کی شدید قلت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا

ہزاروں ایکڑ پر کھڑی دھان کی فصل خشک ہونے لگی، آبپاشی حکام فوری پانی فراہم کریں

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) جمعیت علماء اسلام، آبادگاروں اور کسانوں کی جانب سے بیگاری کینال میں پانی کی شدید قلت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا سلیم اللہ بروہی، مولانا (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

مظلوم عوام کیلئے جدوجہد ہماری سیاست کا محور ہے، اسلم اچکزئی

عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، صوبائی صدر مظلوم تحریک

کوئٹہ (پ ر) اتحاد کاسی تنظیم کے ایک نمائندہ وفد نے مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے صوبائی صدر اسلم خان اچکزئی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی موجودہ علاقائی و سیاسی صورتحال، عوام کو درپیش بنیادی مسائل، عوامی حقوق کے تحفظ، باہمی رابطوں اور مستقبل کے حوالے سے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

جیکب آباد کے قریب فائرنگ، دو افراد قتل

جان بحق ہونے والے دونوں افراد آپس میں کزن تھے، علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا

جیکب آباد (انیس جکھرانی): سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے خانکی پل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے موٹر سائیکل پر بلوچستان جانے والے افراد پر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں بھیانی بلیدی برادری کے 2 افراد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، پولیس کے مطابق یہ واقعہ رند اور بلیدی برادریوں کے درمیان چلے آرہے پرانے رشتہ داری کے تنازع کے باعث پیش آیا۔ فائرنگ میں جان بحق ہونے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)